حجۃ الاسلام جناب سید عبدالعزیز حکیم کے انتقال پر رہبر معظم انقلاب اسلامی کا تعزیتی پیغام - 27 /Aug/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیۃ اللہ خامنہ ای نےحجۃ الاسلام سید عبد العزیز حکیم کے انتقال پر تعزیتی پیغام صادر کیا ۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے :

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

نہایت افسوس کے ساتھ ہم اس بات سے باخبر ہوئے کہ عراق کے مجلس اعلیٰ کے صدر حجۃ الاسلام والمسمین جناب سید عبد العزیز حکیم ، اس دیار فانی سے عالم آخرت کی طرفکوچ کر گئے ہیں۔

یہ خبر ، عراقی قوم اور حکومت کے لئے ناقابل تلافی نقصان اور اسلامی جمہوریہ ایران کے لئیے ایک دردناک فقدان ہے ۔ موصوف ، شیعوں کے عظیم مرجع تقلید مرحوم آیۃ اللہ العظمیٰ سید محسن حکیم کی آخری یادگار تھے ۔مرحوم آیۃ اللہ محسن حکیم کے سارے جگر گوشوں نے عراق کی سفاک بعثی حکومت اور استعمار کے عوامل کا مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیااور اس عظیم جہاد کے دشوار امتحانوں میں سرخ رو ہوئے ۔

ایران میں قیامکے دوران اور عراق میں بعثی حکومت کے زوال کے بعدوہاں منتقل ہونے کے بعد ، عراق کی قومی حکومت کی تشکیل میں اس مجاھد عالم دین کے خدمات بے مثال اور ناقابل فراموش ہیں ۔

انتہائی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ، میں اس دردناک حادثے کو اپنی برادر عراقی قوم ، عراقی حکومت اور مجلس اعلا ے انقلاب اسلامی ، حکیم خاندان ، بالخصوص مرحوم کے لایق اور شایستہ فرزند جناب سید عمار حکیم کی خدمت میں دل کی گہرائی سے تسلیت پیش کرتا ہوں ، میں پروردگار عالم سےمرحوم کے لئےرحمت و مغفرت اور عراقی قوم اور حکومت کی سرفرازی اور پیشرفت کے لئیے دعا گو ہوں ۔

سید علی خامنه ای

۵ /شهریور /۱۳۸۸ (مطا بق ۶ رمضان المبارک۱۴۳۰ هجری قمری)